تبصرہ کتب

مولانا ابراہیم فانی

کتاب : قادیانیت کش۔ مصنف : محمد طاہر رزاق ضخامت : ۱۷۰ صفحات
ناشر : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ۔ ملتان

زیر تبصرہ کتاب نامور ادیب اور لامثال خطیب جناب محمد طاہر رزاق کی کاوش فکر کا ثمر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو شجرۂ خبیثہ فتنہ مرزائیت کی سرکوبی اور قلع قمع کے لئے پیدا کیا ہے۔ اس موضوع پر آں محترم کی کئی تصنیفات ہیں جو علمی حلقوں سے داد و خراج تحسین پا چکی ہیں ۔ کتاب ھذا کے عنوان سے ظاہر ہے کہ جس عرق ریزی اور خون فشانی سے آپ نے یہ مختصر مگر جامع کتاب ترتیب دی ہے وہ واقعی قابل داد ہے۔ چند عنوانات ملاحظہ ہوں مرزائیت شکن مجاہد' معافی نامہ' ڈاکٹر عبدالسلام کون ایک تعارف ایک تجزیہ ' ظالم کون مسلمان یا قادیانی وغیرہ ان میں سے ہر ایک موضوع پر مصنف نے نہایت ہی معلومات افزا مقالات تیار کئے ہیں۔ اسلوب نگارش انداز تحریر اور طرز استدلال انتہائی سلیس اور عمدہ ہے۔ ابتداء میں ملک کے نامور ادباء اہل قلم اور اہل دل صحافیوں نے کتاب اور صاحب کتاب کو جو خراج تحسین پیش کیا ہے وہ خاصے کی چیزیں ہیں ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مصنف کے قلم کو مزید آب و تاب سے نوازے تاکہ مرزائی دجل و تلبیس کو مسلمانوں پر آشکارا کرتے رہیں۔ کتاب معنوی اور صوری لحاظ سے انتہائی دلکش اور دیدہ زیب ہے ۔ الغرض قادیانیت کو سمجھنے کیلئے اور ان کی ملک اور اسلام دشمن سرگرمیوں سے آگاہی کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

....

کتاب : دجال قادیان مصنف : محمد طاہر رزاق ضخامت : ۷۶ اصفحات
قیمت : ۷۰ روپے ناشر : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ۔ ملتان

محمد طاہر رزاق کی تصنیف کردہ یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے مسلیمہ پنجاب مرزا قادیانی کے متعلق ہے۔ جس میں مرزا کی شخصیت کا بھرپور تعارف خود انہیں کے الفاظ میں پیش کیا گیا ہے جسے پڑھ کر فوری طور پر یہ تاثر ذہن میں ابھرتا ہے کہ اس ملعون کو نبی یا ولی اور مجدد